سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز

SUI NORTHERN GAS

ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ



ڈینگی بخار

ڈینگی بخار سے بچاؤ کی تدابیر



قبرستان میں قبروں پر رکھے پانی کے برتن صاف کر کے خشک رکھیں۔

اے سی سے خارج ہونے والا پانی زیادہ دیر کھڑا نہ رہنے دیں۔ فریج کی ٹرے میں موجود پانی ضائع کر دیں۔

گھروں کے اندر، اردگرد، چھتوں، پودوں کی کیاریوں، گملوں، پرانے برتنوں اور ٹائروں وغیرہ میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔



دروازوں اور کھڑکیوں پر باریک جالی لگوائیں اور ان کو ہر وقت بند رکھیں۔

گٹر کے ڈھکن پر بنے سوراخوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔

گھروں میں موجود فواروں آبشاروں اور سوئمنگ پول وغیرہ میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔ انکی باقاعدہ صفائی کروائیں اور خشک کریں۔

ہفتے میں دو سے تین بار گھر، دفاتر اور دوکانوں میں صفائی کر کے مچھر مار ادویات کا سپرے کریں اور دروازے ایک گھنٹہ کے لیے بند رکھیں۔

بچوں کو سکول بھیجتے وقت مکمل آستین والی قمیض اور تنگ پائنچوں والی پتلون یا شلوار پہنائیں اور جسم کے کھلے حصوں پر مچھر بھگاؤ لوشن لگائیں

1۔ اپنے اردگرد گندہ یا صاف پانی جمع نہ ہونے دیں۔
2۔ اپنے اردگرد گملوں، پودوں، ڈیزرٹ کولر اور کھلے برتنوں میں پانی جمع نہ ہونے دیں۔
3۔ تمام صاف پانی والے برتن ڈھانپ کر رکھیں۔
4۔ اپنے دفتر اور گھر کے تمام دروازے اور جالیاں باقاعدہ بند رکھیں۔
5۔ کمروں میں مچھر مار سپرے اور جلیبی وغیرہ کا استعمال کریں۔
6۔ فجر اور مغرب کے اوقات میں احتیاط ضروری ہے۔ پارکوں اور باغات میں جانے کی صورت میں مچھر مار لوشن لگا کر جا ۔ (صبح 4 سے 8 بجے اور شام 5 سے 7 بجے)
7۔ تیز بخار کو روکنے کیلئے پانی کی پٹیاں کریں اور نزدیکی ڈاکٹر سے فوراً رابطہ کریں۔
8۔ ڈینگی مریض کے ارد گرد جالی (Net) لازمی لگا ۔
9۔ ڈینگی بخار ہونے کی صورت میں خون کا ٹیسٹ باقاعدہ کروا ۔
10۔ ڈینگی بخار کے متعلق مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ یہ کال بغیر چارج ہوگی۔

0800-99000

مریض کے خاندان کیلئے ہدایات

1۔ مریض کا ٹمپریچر 102F سے کم رکھیں۔ مریض کو پیراسیٹامول دیں مگر 24 گھنٹے میں 4 سے زیادہ نہیں۔ 2۔ مریض کو آرام مہیا کریں۔

یاد رہے کہ: مریض کو اسپرین یا بروفن ہرگز نہ دیں۔ مریض کو اس کی نارمل خوراک کے ساتھ ساتھ زیادہ مقدار میں پانی، تازہ پھلوں کا جوس، سوپ اور دودھ دیں۔

یاد رکھیے۔ آپ کا تعاون آپ کی اور دوسروں کی زندگی بچا سکتا ہے (شکریہ)

ISO 14001 REGISTERED FIRM

UNITED REGISTRAR OF SYSTEMS URS OHSAS 18001

UKAS MANAGEMENT SYSTEMS

OHSAS 18001

SMART (Self Monitoring & Reporting Tool) سمارٹ

URS is a member of Registrar of Standards (Holdings) Ltd.